نمازوں کے بعد دعاء

قرآن و سنّت، اجماع و تعامل خیر القرون، عمل سلف صالحین
و ائمۂ مجتہدین، نصوص فقہاءِ کرام و اکابرِ عظام

اور

مروّجہ طریقہ

تالیف

فقیہ العصر مفتیٔ اعظم حضرتِ اقدس مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم

الرشید

فعليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين تمسكوا بها وعضوا عليها بالنواجذ (الحديث)

زبدة الكلمات

في

حكم الدعاء بعد الصلوات

مکتبہ فاروق

فرائض کے بعد دُعا

سوال : فرائض کی جماعت کے بعد دعا سے متعلق لوگوں کے مختلف نظریات پائے جاتے ہیں بعض علما سرے سے اس دعا ہی کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ فرائض کے بعد فوراً نوافل کے لئے کھڑے ہو جا چاہیئے۔ بعض اس دعا میں رفع یدین کا انکار کرتے ہیں۔ پھر جو رفع یدین کے قائل ہیں انکا عمل مختلف ہے بعض سرّاً دُعا کرتے ہیں۔ اور اکثر ائمۂ مساجد بلند آواز سے طویل دُعائیں کرتے ہیں اور مقتدی آمین کہتے ہیں۔ ان میں سے شرعی نقطۂ نگاہ سے صحیح طریقہ سنت کے مطابق کیا ہے؟ بینوا توجروا

الجواب باسم ملهم الصواب

دعا بعد الفرائض سے متعلق اولاً احادیث اور عبارات فقہ ذکر کی جاتی ہیں اس کے بعد ان سے [illegible] ہونے والے احکام ذکر کئے جائیں گے۔

احادیث :

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ما من عبد یبسط کفیه فی دبر کل صلوٰة یقول اللّٰهم الٰهی واله ابراهیم واسحٰق ویعقوب واله جبرئیل میکائیل واسرافیل اسألك ان تستجیب دعوتی فانی مضطر وتعصمنی فی دینی فانی مبتل وتنالنی برحمتك فانی مذنب وتنفی عنی الفقر فانی متمسكن الا كان حقاً علی اللہ ان لا یر یدیه خائبتین وفی اسناده عبد العزیز بن عبد الرحمٰن فیه مقال (عمل الیوم واللیلة لابن ال

(٢) عن الاسود العامری عن ابیه رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال صلیت مع رسول اللہ صلی ا علیه وسلم الفجر فلما سلم انحرف ورفع یدیه ودعا الحدیث رواه ابن ابی شیبة (مجموعة الفتا بهامش الخلاصة ص١٠ ج١- امداد الفتاوی ص٥٦١ ج١- نفائس مرغوبة ص٣٩) اس حوالکی تحقیق ضمیمہ میں

(٣) وقال الحافظ السیوطی فی فض الوعاء فی احادیث رفع الیدین فی الدعا اخرج ابن ابی شیبة قال حدثنا محمد بن یحیٰی الاسلمی قال رأیت عبد اللہ بن الز رضی اللہ تعالیٰ عنهما ورأی رجلا رافعاً یدیه یدعو قبل ان یفرغ من صلوٰته فلما ف منها قال له ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لم یکن یرفع یدیه حتّٰی یفرغ من صل رجاله ثقات اھ (فض الوعاء للسیوطی)

(٤) عن الفضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال قال رسول اللہ صلی اللہ

الصلوٰة مثنی مثنی تشهد فی کل رکعتین وتخشع وتضرع وتمسکن ثم تقنع یدیك یقول ترفعهما الی ربك مستقبلاً ببطونهما وجهك وتقول یا رب یا رب من لم یفعل ذلك فهی کذا وكذا، رواه الترمذی والنسائی وابن خزیمة فی صحیحه ورجاله ثقات (اعلاء السنن ص٣٠٨ ج٣)

(٥) اخرج عبد الرزاق عن النبی صلی اللہ علیه وسلم ای الدعاء اسمع ای اقرب الی الاجابة قال شطر اللیل الاخیر وادبار المکتوبة وصححه عبد الحق وابن القطان (مصنف عبد الرزاق)

(٦) ذکر الامام المحدث ابو الربیع فی کتاب مصباح الظلام عن النبی علیه الصلوٰة والسلام انه قال من کانت له الی اللہ حاجة فلیسألها دبر صلوٰة مکتوبة اھ (مصباح الظلام)

(٧) عن ابی امامة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال قیل یا رسول اللہ ای الدعاء اسمع قال جوف اللیل الآخر ودبر الصلوات المکتوبات، اخرجه الترمذی وقال حسن (فتح الباری ص١١٣ ج١١)

(٨) اخرج الطبرانی من روایة جعفر بن محمد الصادق قال الدعاء بعد المکتوبة افضل من الدعاء بعد النافلة کفضل المکتوبة علی النافلة (المواهب للقسطلانی نقلاً عن الحافظ ابن حجر)

(٩) عن ابی امامة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال ما دنوت من رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی دبر صلاة مکتوبة ولا تطوع الا سمعته یقول اللّٰهم اغفر لی ذنوبی وخطایای کلها اللّٰهم انعشنی واجبرنی واهدنی لصالح الاعمال والاخلاق انه لا یهدی لصالحها ولا یصرف سیئها الا انت وروی النسائی وغیره اللّٰهم اصلح لی دینی الذی جعلته لی عصمة واصلح لی دنیای التی جعلت فیها معاشی اعوذ برضاك من سخطك واعوذ بعفوك من نقمتك واعوذ بك منك لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منك الجد وروی ابو داؤد اذا انصرفت من المغرب فقل اللّٰهم اجرنی من النار سبع مرات اذا قلت ذلك ثم مت من لیلتك کتب لك جواز منها واذا صلیت الصبح فقل کذلك ان مت من یومك کتب لك جواز منها (ابن السنی)

(١٠) عن عطاء بن مروان عن ابیه ان کعبا رضی اللہ تعالیٰ عنه حلف له باللہ الذی فلق البحر لموسی انا لنجد فی التوراة ان داؤد نبی اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان اذا انصرف من صلوٰته قال اللّٰهم اصلح لی دینی الذی جعلته لی عصمة واصلح لی دنیای التی جعلت فیها معاشی اللّٰهم انی اعوذ برضاك من سخطك واعوذ بعفوك من نقمتك واعوذ بك منك لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا

ینفع ذا الجد منک الجد قال وحدثنی کعب ان صهیبا حدثه ان محمدا صلی اللہ علیه وسلم کان یقولهن عند انصرافه من صلاته (نسائی)

(۱۱) عن معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنه قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اخذ بیدی یوما ثم قال یا معاذ واللہ انی لاحبک فقال معاذ بابی انت وامی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیه وسلم) وانا واللہ احبک فقال اوصیک یا معاذ لا تدعن فی دبر کل صلوٰة ان تقول اللّٰھم اعنی علی ذکرک وشکرک وحسن عبادتک قال واوصی بذلک معاذ الصنابحی واوصی الصنابحی ابا عبد الرحمٰن الحبلی واوصی ابو عبد الرحمٰن عقبة بن مسلم هذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاه وقال الذهبی فی التلخیص علی شرطهما (مستدرک ص۲۷۳ ج۱) واخرجه ابو داؤد والنسائی وصححه ابن حبان ۔

(۱۲) عن المغیرة بن شعبة رضی اللہ تعالیٰ عنه قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان اذا فرغ من الصلوٰة وسلم قال لا الٰه الا اللہ وحده لا شریک له له الملک وله الحمد وهو علی کل شیء قدیر اللّٰھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد ولفظ البخاری فی کتاب الاعتصام انه صلی اللہ علیه وسلم کان یقول هذه الکلمات دبر کل صلوٰة وفی کتاب الصلوٰة فی دبر کل صلوٰة مکتوبة ،

(رواه البخاری ومسلم وابو داؤد والنسائی)

(۱۳) عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنه ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان اذا صلی وفرغ مسح بیمینه علی رأسه وقال بسم اللہ الذی لا الٰه الا هو الرحمٰن الرحیم اللّٰھم اذهب عنی الهم والحزن (رواه الطبرانی والبزار)

(۱۴) عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال ما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم بنا الا قال حین اقبل علینا بوجهه اللّٰھم انی اعوذ بک من کل عمل یخزینی واعوذ بک من کل صاحب یؤذینی واعوذ بک من کل عمل یلهینی واعوذ بک من کل فقر ینسینی واعوذ بک من کل غنی یطغینی (رواه البزار وابو یعلی)

(۱۵) عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنه قال کان النبی صلی اللہ علیه وسلم اذا سلم من الصلوٰة قال اللّٰھم اغفر لی ما قدمت وما اخرت وما اسررت وما اعلنت وما اسرفت و انت اعلم به منی انت المقدم والمؤخر لا الٰه الا انت (رواه ابو داؤد)

---

(۱۶) عن ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنه ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان اذا اراد ان ینصرف من صلوته استغفر ثلاث مرات ثم قال اللّٰھم انت السلام الخ (رواه ابو داؤد)

(۱۷) عن زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنه قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول ی دبر کل صلوٰة اللّٰھم ربنا ورب کل شیء انا شهید انک الرب لا شریک لک اللّٰھم ربنا ورب ل شیء انا شهید ان محمدا عبدک ورسولک اللّٰھم ربنا ورب کل شیء انا شهید ان العباد کلهم اخوة اللّٰھم ربنا ورب کل شیء اجعلنی مخلصا لک واهلی فی کل ساعة من الدنیا والآخرة یا ا الجلال والاکرام اسمع واستجب اللہ الاکبر اللہ الاکبر اللہ نور السمٰوٰت والارض اللہ الاکبر حسبی اللہ ونعم الوکیل اللہ الاکبر اللہ الاکبر (رواه ابو داؤد والنسائی واحمد)

(۱۸) عن عقبة بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان اقرأ المعوذات دبر کل صلوٰة (رواه ابو داؤد)

(۱۹) فی مسند الامام احمد وسنن ابن ماجة وکتاب ابن السنی عن ام سلمة رضی اللہ تعالیٰ نها قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا صلی الصبح قال اللّٰھم انی اسألک علما نافعا و لا متقبلا ورزقا طیبا (کتاب الاذکار للنووی)

(۲۰) وبعد صلوٰتی الصبح والمغرب ایضا قبل ان یتکلم اللّٰھم اجرنی من النار سبع مرات اه ابو داؤد والنسائی وابن حبان (الحصن الحصین للجزری)

(۲۱) عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما فاذا فرغت فانصب یقول فاذا فرغت مما علیک من الصلوٰة فاسأل اللہ وارغب الیه وانصب له (تفسیر ابن جریر طبری)

(۲۲) عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال دخل النبی صلی اللہ علیه وسلم علی ام سلیم وله) ثم قام الی ناحیة من البیت فصلی غیر المکتوبة فدعا لام سلیم واهلها الحدیث

(رواه البخاری)

(۲۳) عن عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنهما ان النبی صلی اللہ علیه وسلم کان دبر الصلوٰات لا الٰه الا اللہ وحده لا شریک له له الملک وله الحمد وهو علی کل شیء ول ولا قوة الا باللہ لا الٰه الا اللہ ولا نعبد الا ایاه له النعمة وله الفضل وله الثناء الجمیل لا الٰه الا اللہ مخلصین له الدین ولو کره الکٰفرون (رواه مسلم)

(۲۴) عن عبد الرحمٰن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من

قال قبل ان ينصرف ويثني رجليه من صلوٰة المغرب والصبح لا اله الا الله وحده لا شريك له الخ عشر مرات الخ (رواه احمد)

(۲۵) كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى الصبح وهو ثان رجليه يقول سبحان الله وبحمده واستغفر الله انه كان توابا سبعين مرة ثم يقول سبعين بسبعمائة الحديث۔

(رواه الطبراني في الكبير)

اوپر کی تین حدیثوں میں حمد و ثنا کا بیان ہے جو افضل ترین دُعا ہے۔

قال صلى الله عليه وسلم خير الدعاء دعاء يوم عرفة وخير ما قلت انا والنبيون من قبلي لا اله الا الله وحده لا شريك له له الملك وله الحمد وهو على كل شيء قدير رواه مالك والترمذي و احمد وغيرهم شرح النقاية للقاري وقيل لابن عيينة هذا ثناء فلم سماه رسول الله صلى الله عليه وسلم دعاء فقال الثناء على الكريم دعاء لانه يعرف حاجته فتح قلت يشير بهذا الى خبر من شغله ذكري عن مسألتي اعطيته افضل ما اعطي السائلين ومنه قول امية بن ابي الصلت في مدح بعض الملوك۔

أأذكر حاجتي ام قد كفاني ثناؤك ان شيمتك الحياء
اذا اثنى عليك المرء يوما كفاه من تعرضك الثناء

(رد المحتار ص۱۹۰ ج۲)

(۲۶) ان الله تعالى كره لكم ثلاثا اللغو عند القرآن ورفع الصوت في الدعاء والتخصر في الصلوٰة (عب) عن يحيى بن كثير مرسلاً (ح) (الجامع الصغير ص۷۴ ج۱)

عبارات فقه

حنفیه :

(۱) اذا دعا بالدعاء المأثور جهرا وجهر معه القوم ايضا ليتعلموا الدعاء لا بأس به واذا تعلموا حينئذ يكون الجهر بدعة (هندية ص۳۱۸ ج۵ بزازية بهامش الهندية ص۱۱ ج۴)

(۲) واعظ يدعو كل اسبوع بدعاء مسنون جهرا لتعليم القوم ويخافته القوم اذا تعلم القوم خافت هو ايضاً وان جهر فهو بدعة (بزازية على هامش العالمگيرية ص۳۲ ج۴)

(۳) ويستحب للامام (الى) وان يستقبل بعده الناس (الى) ثم يدعون لانفسهم وللمسلمين رافعي ايديهم ثم يمسحون بها وجوههم في آخره (نور الايضاح)

(۴) قال العلامة الشاه محمد انور قدس سره نعم اصل سنة الدعاء يحصل بغير رفع اليدين النقل في الرفع بعد الصلوٰة وانما الرفع كمال في السنة تحصل سنته به وبغيره فلا سبيل تبديع من رفع ولا الى تجهيل من ترك واما الامور المحدثة من عقد صورة الجماعة الدعاء كجماعة الصلوٰة والانكار على تاركها ونصب امام ثم ائتمام به فيه وغير ذلك من قلة العلم وكثرة الجهل والجاهل اما مفرطا ومفرّطا والله الموفق للصواب

(النفائس المرغوبة للمفتي كفاية الله رحمه الله ص۳۷)

مالكيه :

(۵) كره مالك رضي الله عنه وجماعة من العلماء لائمة المساجد والجماعات الدعاء بعد الصلوات المكتوبة جهرا للحاضرين الخ (امداد الفتاوى ص۵۶۶ ج۱)

(۶) وقد اكثر الناس في هذه المسألة اعني دعاء الامام عقب الصلوٰة وتأمين الحاضرين على دعائه وحاصل ما انفصل عنه الامام ابن عرفة والغبريني ان ذلك ان كان على نية انه من سنن الصلوٰة وفضائلها فهو غير جائز وان كان مع السلامة من ذلك فهو باق على حكم اصل الدعاء والدعاء عبادة شرعية فضلها من الشريعة معلوم عظمه (امداد الفتاوى ص۵۶۷ ج۱)

شافعيه :

(۷) في فتح المعين مع المتن ويسن ذكر ودعاء سرا عقبها اي الصلوٰة اي يسن الاسرار المنفرد ومأموم وامام لم يرد تعليم الحاضرين ولا تأمينهم لدعائه بسماعه

(امداد الفتاوى ص۵۶۸ ج۱)

(۸) في شرح العباب لابن حجر وفتاواه الكبرى ويسن للمصلي اذا كان منفردا او مأموما كما في المجموع عن النص بعد السلام من الصلوٰة اكثار ذكر الله تعالى والدعاء سرا للاخبار الصحيحة لكن قال الاسنوي المحقق انه يسن للامام ان يختصر في الذكر والدعاء بحضرة المأمومين فاذا انصرفوا طول (امداد الفتاوى ص۵۶۸ ج۱)

حنابله :

(۹) قال الشيخ منصور بن ادريس الحنبلي في شرح الاقناع مع المتن يسن ذكر الله والدعاء والاستغفار عقب الصلوٰة المكتوبة (الى ان قال) ويدعو الامام بعد فجر و

ان عبارت سے ثابت ہوتا ہے کہ یہاں "اواماما" کا لفظ رہ گیا ہے۔ ۱۲ رشید احمد

عصر لحضور الملائكة فيهما فيؤمنون على الدعاء فيكون اقرب للاجابة وكذا ابن عوبعد غيرهما من الصلوات لان من اوقات الاجابة ادبار المكتوبات (الى قوله) ويكره للامام استقبال القبلة بل يستقبل المأمومين لما تقدم انه ينحرف اليهم اذا سلم ويلح الداعي في الدعاء ويكرره ثلاثاً لانه نوع من الالحاح والدعاء سرًّا افضل منه جهرًا لقوله تعالى ادعوا ربكم تضرعًا وخفيةً لانه اقرب الى الاخلاص قال يكره رفع الصوت به في الصلوٰة وغيرها الا الحاج فان رفع الصوت له افضل لحديث افضل الحج العج والثج۔

(امداد الفتاوی ص۵ ج ۱)

مذکورہ بالا روایات و عبارات سے اُمور ذیل ثابت ہوئے:

(۱) فرائض کے بعد ادعیہ و اذکار روایات صحیحہ صریحہ کثیرہ سے ثابت ہیں۔ حضرات فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ظہر، مغرب اور عشاء میں امام فرائض کے سلام کے بعد سنتوں کے لئے کھڑا ہوجائے، تاخیر مکروہ ہے، ان کے ہاں روایات مذکورہ کی دو توجیہیں ہیں:

(۱) یہ روایات فجر و عصر سے متعلق ہیں۔

(۲) فرائض کے بعد کی سنن و نوافل کا حکم فرائض کے جبر نقصان کے لئے ہے، اسلئے یہ ملحق بالفرائض ہیں، لہٰذا دبر المکتوبات سے مع الملحقات مراد ہے، یعنی سنن و نوافل کے بعد۔

بہرکیف فرائض کے بعد ذکر و دعا سے متعلق اسقدر روایات ہیں کہ اس کے انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔

(۲) دعاء بعد الفرائض میں رفع یدین بھی ثابت ہے، اگرچہ اس سے متعلق بعض روایات میں ضعف ہے مگر اولاً فضائل میں عمل بالضعیف بھی جائز ہے۔ ثانیاً اسے دوسری روایات سے اعتضاد حاصل ہے۔ ثالثاً مطلق دعاء میں رفع یدین احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اور کلیہ میں دعاء بعد الفرائض بھی داخل ہے (اس سے رجوع کی تفصیل ضمیمہ میں ہے)

(۳) دعاء بعد الفرائض میں رفع یدین کے فاعل اور تارک میں سے کسی پر بھی اعتراض اور ملامت جائز نہیں۔ (العبارة الرابعة)

(۴) ظہر، مغرب اور عشاء میں امام فرائض کے سلام کے بعد سنتوں کے لئے کھڑا ہوجائے، اللّٰھم انت السلام سے زیادہ تاخیر مکروہ ہے۔

(۵) دعاء میں اخفاء بالاتفاق زیادہ افضل ہے اور اس صورت میں امید قبول زیادہ ہے۔

(۶) مسنون طریقہ یہ ہے کہ امام مقتدیوں کی موجودگی میں (انفراداً) مختصر دعا کرے جب مقتدی چلے جائیں تو طویل دعا کرسکتا ہے (العبارة الثامنة)

لیکن آجکل معاملہ بالکل برعکس ہے۔ مقتدیوں کے سامنے تو بہت لمبی چوڑی دُعائیں ہوتی ہیں مگر چوں بخلوت مے روند؟

(۷) دعاء میں امام اور مقتدیوں کا آپس میں تعلق رکھنا خواہ دعا آہستہ ہی کریں اسکا کسی حدیث سے کوئی ثبوت نہیں۔

(۸) امام کے ساتھ ملکر دعا کرنے کی رسم خواہ سرّاً ہو یا جہراً بدعت ہے جو قلت علم، جہل سے پیدا ہوئی ہے اور جہال کی افراط ہے۔ (العبارة الرابعة والخامسة)

(۹) اگر امام اس نیت سے جہراً دعا کرتا ہے کہ لوگ دُعا کے کلمات سُن کر یاد کریں تو اس میں کچھ حرج نہیں، جب لوگ دعا یاد کرلیں تو جہر بدعت ہے۔ (العبارة الاولیٰ والثانية)

(۱۰) بعض مالکیہ نے فرض کے بعد امام کے ساتھ اجتماعی دعاء کو اس شرط سے جائز کہا ہے کہ اس کو نماز کی سنن و فضائل میں سے نہ سمجھا جائے، اگر نماز کی سنن و فضائل میں شمار کیا جاتا ہو تو بالاتفاق جائز نہیں (العبارة السادسة)

یہ روایت خود صاحب مذہب امام مالک اور آپ کے اصحاب رحمہم اللہ تعالیٰ کی اس نص کے خلاف ہے کہ امام نماز سے فارغ ہوکر فوراً اپنی جگہ سے ہٹ جائے (المدونۃ ص۱۴۴ ج۱، الاعتصام للشاطبی ص۳۵۳، ۳۵۴ ج۱)

(۱۱) شافعیہ کے ہاں امام کا جہراً دعاء کرنا خلاف سنت ہے، البتہ مقتدیوں کی تعلیم یا تامین مقصود ہو تو جائز ہے، بشرطیکہ اسکو مسنون سمجھنے کا خطرہ نہو (العبارة السادسة والسابعة)

عبارت ثالثہ و تاسعہ سے دعا میں امام اور مقتدیوں کا آپس میں رابطہ رکھنا ثابت نہیں ہوتا۔

دعاءِ مروّج کا تجزیہ:

(۱) عوام اسے سنن صلوٰۃ میں سے سمجھنے لگے ہیں۔

(۲) اس کا اسقدر التزام ہونے لگا ہے کہ تارک کو ہدفِ ملامت بنایا جاتا ہے۔ اگر کوئی امام اس طریقہ پر دعا نہ کرائے تو اسے امامت سے علیحدہ کردیا جاتا ہے۔

(۳) اخفاء کی افضلیت پر اجماع کے باوجود جہر ہی پر اصرار کیا جاتا ہے۔

ان وجوہ کی بنا پر نمازوں کے بعد عام مساجد میں دعاء کا مروّجہ طریقہ ختم کرنا چاہئے۔ اور علماء کو اس طرف زیادہ توجہ مبذول کرنا چاہئے۔ **شافعیہ و بعض مالکیہ** نے جو بعض شرائط سے اجازت دی ہے

ظاہر ہے کہ وہ بھی مقید بالسلامة من القبائح المذکورہ ہے، التزام کی وجہ سے تو امر مندوب ومستحب بھی واجب الترک ہوجاتا ہے چہ جائیکہ جس کا کوئی ثبوت ہی نہ ہو اور پھر اسے نماز کے متعلقات میں شمار کیا جانے لگے۔ اس لئے ائمۂ مساجد پر لازم ہے کہ جہر کی رسم کو تو بالکلیہ ختم کردیں اور اجتماعاً سرّی دُعا سے متعلق بھی مقتدیوں کو یہ تبلیغ کرتے رہیں کہ یہ طریقہ سنت سے ثابت نہیں۔ اس لئے اسکا زیادہ اہتمام نہیں کرنا چاہیئے، بلکہ ائمہ حضرات کبھی کبھار عملاً بھی اجتماعی دعا میں ناغہ کردیا کریں تاکہ عوام کے ذہن سے اس طریقہ کی سنّیت کا خیال نکل جائے، مگر عملی اقدام سے قبل بطریقِ احسن ملاطفت اور نرمی سے لوگوں کو مسئلہ کی حقیقت سمجھائیں اور خوب ذہن نشین کرائیں تاکہ انتشار و فتنہ کی صورت پیدا نہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

۱۹ر جمادی الاولیٰ سنہ ۹۶ھ

الحاق:

روایاتِ ذیل سے اجتماعی دعاء کے ثبوت کا اشتباہ ہوسکتا ہے:

① من آداب الدعاء تأمين الداعي والمستمع، خ، م، د، س (حصن حصین ص ۵)

② قولہ تعالیٰ قد اجیبت دعوتکما کے تحت کتب تفسیر میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعاء فرمائی اور حضرت ہارون علیہ السلام نے آمین کہی۔

③ حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے غزوۂ احد میں اس طرح دعاء مانگی کہ پہلے ایک نے دعاء کی اس پر دوسرے نے آمین کہی، پھر دوسرے نے دعاء کی اس پر پہلے نے آمین کہی۔

④ لا يجتمع ملأ فيدعو بعضهم ويؤمن بعض الا اجابهم الله (تلخیص الذہبی مع المستدرک ص۳۴۷ ج۳)

ان روایات کا نماز کے بعد والی دعاء سے کوئی تعلق نہیں، یہ سب اس صورت سے متعلق ہیں کہ کوئی شخص دعاء کر رہا ہو اتفاقاً کسی دوسرے نے سُن لی تو وہ اس پر آمین کہے، نماز کے بعد تو ہر شخص کے لئے موقعِ دعاء ہے، پھر ہر شخص کا مقصد الگ ہوتا ہے، ہر شخص اپنے مقصد کے لئے دعاء میں مشغول ہوگا تو دوسرے کی دعاء پر آمین کیسے کہے گا؟

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزانہ پانچ بار علانیہ باجماعت نماز ادا فرماتے تھے، اگر آپ نے نماز کے بعد کبھی اجتماعی دعاء فرمائی ہوتی تو اس کو کوئی متنفس تو نقل کرتا، مگر ذخیرۂ حدیث میں اس کا کہیں نشان نہیں ملتا، اگر اس کا استحباب تسلیم بھی کرلیا جائے تو التزام بہرصورت بدعت ہے، وفقنا الله الجميع لما يحب ويرضى، فقط واللہ تعالیٰ اعلم،

(ضمیمہ تتمہ میں)

۱۰ر ربیع الاول سنہ۱۴۰۴ھ

ضمیمہ
زبدة الکلمات
فی
حکم الدعاء بعد الصلوات

سوال: آپ نے احسن الفتاویٰ جلد سوم ص۶۰ پر بحوالہ مصنف ابوبکر بن ابی شیبہ ایک روایت نقل کی ہے:

عن الاسود العامری عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الفجر فلما سلم انحرف ورفع یدیہ ودعا الحدیث۔

(مصنف ابن ابی شیبة)

حالانکہ مصنف ابوبکر جلد دوم مطبوعہ مکتبہ امدادیہ مکة المکرمہ میں یہ روایت انحرف تک ہے ورفع یدیہ ودعا کے الفاظ موجود نہیں ہیں، حالانکہ آپ کا مستدل یہی الفاظ ہیں، لہٰذا مہربانی فرماکر بتائیں کہ یہ روایت انہی الفاظ کے ساتھ مصنف کی کسی دوسری جلد میں ہے؟ اور اگر کسی دوسری جلد میں یہ زیادتی نہیں ہے تو اصل کتاب سے یہ الفاظ کیسے ساقط ہوگئے؟ والسلام

الجواب باسم ملهم الصواب

میں نے یہ روایت امداد الفتاویٰ اور نفائس مرغوبہ سے نقل کی تھی، مجموعة الفتاویٰ کا حوالہ بھی غالباً نفائس مرغوبہ ہی سے نقل کیا تھا، اس وقت مصنف ابن ابی شیبہ دار الافتاء میں نہیں تھی اس لئے اس کی طرف رجوع نہ کیا جاسکا، علاوہ ازیں حضرت حکیم الامة اور حضرت مولانا کفایة اللہ رحمہما اللہ تعالیٰ پر اعتماد کی بناء پر اصل کی طرف مراجعہ کی ضرورت محسوس نہ کی۔

آپ کا اشکال موصول ہوا تو دار الافتاء کے علماء کو تفتیش پر لگایا، انھوں نے تفتیش

کے مندرجہ ذیل نتائج پیش کئے :

① یہ روایت انہی الفاظ کے ساتھ ان کتابوں میں موجود ہے، مجموعۃ الفتاوٰی بہامش خلاصۃ الفتاوٰی صنا ج ۱، امداد الفتاوٰی ص ۵۶۱ ج ۱، نفائس مرغوبہ ص ۳۹ و ص ۳۴ و ص ۴۵ و ص ۵۲، معارف السنن ص ۱۲۳ ج ۳۔

② امداد الفتاوٰی اور معارف السنن میں مصنف ابن ابی شیبہ سے نقل کرنے میں کوئی واسطہ مذکور نہیں، نفائس مرغوبہ کے چار مواضع میں سے صرف ایک جگہ مجموعۃ الفتاوٰی کا واسطہ مذکور ہے۔

③ مجموعۃ الفتاوٰی میں یہ روایت حضرت مولانا عبد الحی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے خود نقل نہیں فرمائی، بلکہ آپ کے فتوی پر کچھ دوسرے علماء کے بھی دستخط ہیں، ان میں مولانا سید شریف حسین صاحب نے یہ روایت لکھی ہے۔

④ حضرت مفتی جمیل احمد صاحب نے بواسطہ "رفع الیدین" لمحمد بن عبد الرحمٰن الزبیدی نقل کی ہے۔

⑤ مصنف ابن ابی شیبہ کے باب ماذا یقول الرجل اذا انصرف میں یہ روایت نہیں ملی، باب من کان یستحب اذا سلم ان یقوم او ینحرف میں یہ روایت ہے، مگر وہ صرف اسی حد تک ہے جو آپ نے لکھی ہے۔

⑥ مطابع ذیل کی مطبوعات کی طرف رجوع کیا گیا، سب کو متفق پایا :

① المکتبۃ الامدادیۃ مکۃ المکرمہ۔
② مطبعۃ الاقبال البرقیۃ ملتان۔
③ حیدرآباد دکن۔
④ الدار السلفیۃ بمبئی۔
⑤ ادارۃ القرآن کراچی

آخری تین مطابع میں سے ایک کی مطبوع اصل ہے، بقیہ دو نے اسی کا چربہ لے کر چھاپا ہے۔

تفتیش کے نتائج بالا سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ بالا سب مصنفین نے یہ روایت نقل کرنے میں مولانا سید شریف حسین صاحب کی تحریر پر اعتماد فرمایا ہے۔

مگر ان پانچ شواہد مذکورہ سے ثابت ہوا کہ موصوف سے نقل میں تسامح ہوا ہے، حقیقت یہ ہے کہ اس روایت میں ورفع یدیہ ودعا کے الفاظ نہیں۔

مزید شواہد :

⑥ امام نسائی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسی باب کے تحت اوپر کے تین وسائط میں اسی سند سے یہ روایت ذکر کی ہے جس میں یہ الفاظ نہیں (سنن النسائی ص ۱۳۳ ج ۱)

⑦ وکذا نقل الامام البیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ (السنن الکبریٰ ص ۱۸۲ ج ۲)

سبع شداد سے یہ حقیقت بلاغبار روز روشن کی طرح عیاں ہو گئی کہ اس روایت میں یہ الفاظ نہیں۔

حاصل یہ کہ انتہائی کوشش کے باوجود اس روایت میں ورفع یدیہ ودعا کی زیادۃ کا کوئی ثبوت نہیں مل سکا۔ دعاء بعد الفرائض میں رفع یدین سے متعلق صرف یہی ایک روایت قابل اعتماد تھی، اس میں بھی یہ زیادۃ ثابت نہ ہو سکی۔

رہا یہ استدلال کہ مطلق دعاء میں رفع یدین بالاتفاق مستحب ہے اور دعاء بعد الفرائض بھی اس کلیہ میں داخل ہے۔

یہ استدلال اس لئے صحیح نہیں کہ ادعیہ بعد المکتوبات کے بارے میں دو قسم کی روایات ہیں :

① الفاظ مخصوصہ ماثورہ۔

ان میں رفع یدین اس لئے صحیح نہیں کہ مواضع مخصوصہ کے لئے الفاظ مخصوصہ میں عدم رفع یدین پر اجماع ہے۔

② وہ روایات جن میں دبر المکتوبات کو مواضع اجابت دعاء میں شمار کیا گیا ہے۔

ان میں یہ امر غور طلب ہے کہ جو عمل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے روزانہ پانچ بار مسجد میں بہت بڑے مجامع میں علانیہ کیا ہو، اس کا روایات کثیرہ صحیحہ صریحہ سے منقول ہونا لازم ہے جو یہاں مفقود ہے، فانتفی الملزوم۔

لہٰذا ان روایات کا کوئی ایسا محمل قرار دینا لازم ہے جو کلیہ مذکورہ کے خلاف نہ ہو، اور وہ یہی ہو سکتا ہے کہ یہ اس موقع کے بارے میں ہے کہ جب کوئی ادعیہ ماثورہ ے ہٹ کر کوئی خاص حاجت طلب کرنا چاہے، وہ بھی اس شرط سے کہ دوسروں کے امنے التزام نہ کرے تاکہ کسی کو اس کے مسنون ہونے کا خیال نہ ہو۔

ان روایات کے حاجت خاصہ کے بارے میں ہونے پر یہ حدیث بھی دلیل ہے :

من كانت له الى الله حاجة فليسألها دبر صلوة مكتوبة (مصباح الظلام)

کلیہ مذکورہ سے اس خیال کا ابطال بھی ہوگیا کہ اس بارے میں مصنف ابن ابی شیبہ کی روایت زیر بحث کے علاوہ بھی ایک روایت ضعیفہ "زبدۃ الکلمات" میں نقل کی گئی ہے اور فضائل میں ضعیف روایت بھی چل جاتی ہے۔

"زبدۃ الکلمات" میں رفع یدین کے بارے میں دو روایتیں اور ہیں، ثالثہ و رابعہ، یہ دونوں نوافل سے متعلق ہیں، روایت ثالثہ میں اس پر یہ شواہد ہیں:

① دعاء بعد الفرائض سے متعلقہ روایات کثیرہ صحیحہ کے خلاف ہے۔

② کلیہ "دعاء بالفاظ مخصوصہ فی مواضع مخصوصہ میں عدم رفع یدین" کے خلاف ہے۔

③ حدیث کے سیاق سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ شخص دوسروں کے سامنے انفراداً نماز پڑھ رہا تھا، جس سے ظاہر ہے کہ نفل نماز تھی۔

④ وبكل حال لا اقل من الاحتمال وهو كاف لابطال الاستدلال۔

روایت رابعہ میں الصلوة مثنى مثنى ارادۂ نافلہ پر نص ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

۹رشوال ۱۴۰۷ھ

الرّوايات المزيدة

اخرج ابن ابی شيبة رحمه الله تعالى:

كان عبد الله رضى الله تعالى عنه اذا قضى الصلوة انفتل سريعا فاما ان يقوم واما ان ينحرف۔

عن ابن عمر رضى الله تعالى عنهما قال كان الامام اذا سلم قام وقال خالد انحرف۔

عن ابى رزين قال صليت خلف على رضى الله تعالى عنه فسلم عن يمينه وعن يساره ثم وثب كما هو۔

قال عمر رضى الله تعالى عنه جلوس الامام بعد التسليم بدعة۔

كان ابو عبيدة بن الجراح رضى الله تعالى عنه اذا سلم كأنه على الرضف حتى يقوم

عن عائشة رضى الله تعالى عنها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم اذا سلم لم يقعد الا مقدار ما يقول اللهم انت السلام ومنك السلام تباركت يا

ذا الجلال والاكرام۔

عن ابن مسعود رضى الله تعالى عنه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا سلم لم يجلس الا مقدار ما يقول اللهم انت السلام ومنك السلام تباركت يا ذا الجلال والاكرام۔

عن سعيد بن جبير رحمه الله تعالى قال كان لنا امام ذكر من فضله اذا سلم تقدم۔

عن ابى مجلز رحمه الله تعالى قال كل صلوة بعدها تطوع فتحول الا العصر والفجر۔

عن مجاهد رحمه الله تعالى قال اما المغرب فلا تدع ان تتحول۔

عن الحسن رحمه الله تعالى انه كان اذا سلم انحرف او قام سريعا۔

عن ابن طاؤس عن ابيه رحمه الله تعالى انه كان اذا سلم قام فذهب كما هو ولم يجلس۔

عن ابراهيم رحمه الله تعالى انه كان اذا سلم انحرف واستقبل القوم۔

عن جابر بن يزيد الاسود العامرى عن ابيه رضى الله تعالى عنه قال صليت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم الفجر فلما سلم انحرف۔

ان عليا رضى الله تعالى عنه لما انصرف استقبل القوم بوجهه۔

(مصنف ابن ابی شیبة ص۳۰۱،۳۰۲ ج۱)

عن انس رضى الله تعالى عنه ان النبى صلى الله عليه وسلم كان لا يرفع يديه فى شىء من الدعاء الا فى الاستسقاء (مصنف ابن ابی شیبة ص۴۸۶ ج۲)

واخرج عبد الرزاق رحمه الله تعالى:

ان ابا بكر رضى الله تعالى عنه كان اذا سلّم عن يمينه وعن شماله قال: السلام عليكم ورحمة الله ثم انفتل ساعتئذ كأنما كان جالسا على الرضف۔

كان ابو بكر رضى الله تعالى عنه اذا سلّم كأنه على الرضف حتى ينهض۔

عن ابن سيرين قال: قلت لابن عمر رضى الله تعالى عنهما اذا سلّم الامام انحرف؟ قال كان الامام اذا سلّم انكفت وانكفتنا معه۔

عن ابن مسعود رضى الله تعالى عنه قال: اذا سلم الامام فليقم والا فلينحرف عن مجلسه۔

قلت فيجزيه ان ينحرف عن مجلسه وليستقبل القبلة؟ قال الانحراف

ان یغرب او یشرق عن غیر واحد ۔

صلی مجاهد خلف ابراهیم النخعی رحمه الله تعالی فلمّا ان سلم انحرف فقال: لیست من السنة ان تقعد حتّی تقوم ثم تقعد بعد ان شاء الله ۔

ان سعید بن جبیر رحمه الله تعالی قال: لیست من السنة ان یقعد حتی یقوم فلما تنام قال جلس یعنی یشرق او یغرب فامّا ان یستقبل القبلة فلا ۔

عن ابن مسعود رضی الله تعالی عنه انه کان اذا سلم قام عن مجلسه او انحرف مشرقا او مغربا ۔

عن ابی البختری قال: ان عبیدة رضی الله تعالی عنه اخذ بیدی اذ سمع صوت المصعب بن الزبیر رضی الله تعالی عنه وهو یقول لا اله الا الله والله اکبر مستقبل القبلة بعد ما سلم عن الصلوة فقال عبیدة ماله قاتله الله نعّار بالبدع ۔

عن عطاء رحمه الله تعالی مثله کان یجلس الامام بعد ما یسلم واقول انا: التسلیم الانصراف، قد ربما یشتغل بنعلیه (مصنف عبد الرزاق صـ۲۴۲ تا صـ۲۴۷ ج ۲)

واخرج النسائی رحمه الله تعالی:

عن انس بن مالک رضی الله عنه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اخف الناس صلوة فی تمام قال وصلیت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فکان ساعة یسلم یقوم ثم صلیت مع ابی بکر رضی الله تعالی عنه فکان اذا سلم وثب مکانه کانه یقوم عن رضف تفرد به عبد الله بن فروخ المصری وله افراد، والله اعلم ۔

والمشهور عن ابی الضحی عن مسروق قال کان ابو بکر الصدیق رضی الله تعالی عنه اذا سلم قام کانه جالس علی الرضف ۔

وروینا عن علی رضی الله تعالی عنه انه سلم ثم قام ۔

عن ابی الزناد قال سمعت خارجة بن زید رحمه الله تعالی وقد یعیب علی الائمة جلوسهم فی صلوتهم بعد ان یسلموا ویقول السنة فی ذلک ان یقوم الامام ساعة یسلم ۔

وروینا عن الشعبی وابراهیم النخعی رحمهما الله تعالی انهما کرهاه ۔

ویذکر عن عمر بن الخطاب رضی الله تعالی عنه والله اعلم (السنن الکبری صـ۱۸۲ ج ۲)

ان روایات کی وجہ سے حضرات فقہاء کرام رحمہم اللہ تعالی فرماتے ہیں کہ جن نمازوں کے بعد سنتیں ہیں ان میں امام فرض کے سلام کے بعد جلدی سنتوں کے لئے اٹھ جائے، اللّٰهم انت السلام الخ کی مقدار سے زیادہ تاخیر مکروہ ہے ۔

نیز ان روایات سے یہ بھی ثابت ہوا کہ فرائض کے بعد کی دعاء میں رفع یدین نہیں ۔

العبارات المزیدة

① قال العلامة الحموی رحمه الله تعالی: صرح ابن الحجر رحمه الله تعالی بأن الاجتماع للدعاء برفعه (الوباء) بدعة، اقول ما قال ابن الحجر هو الحق الذی لا مریة فیه فان تعریف البدعة صادق علیه (شرح الاشباه والنظائر صـ۲۶۲ ج ۲)

② وقال الشیخ عبد الحق الدهلوی رحمه الله تعالی: این دعا که ائمۂ مساجد بعد از سلام میکنند و مقتدیان آمین آمین میگویند چنانچه الآن در دیار عرب و عجم متعارف است از عادۂ پیغمبر خدا صلی الله علیه وسلم نبود و درین باب هیچ حدیث ثابت نشده ۔ (شرح سفر السعادة صـ۹۰)

③ وقال الامام مالک رحمه الله تعالی: فی امام مسجد الجماعة او مسجد من مساجد القبائل قال اذا سلم فلیقم ولا یقعد فی الصلوات کلها (قال) واما اذا کان الامام فی السفر او امام فی فنائه لیس بامام جماعة فاذا سلم فان شاء تنحی وان شاء اقام (یعنی استطر) قال ابن وهب عن یونس بن یزید ان ابا الزناد اخبره قال سمعت خارجة بن زید بن ثابت یعیب علی الائمة قعودهم بعد التسلیم وقال انما کانت الائمة ساعة تسلم تنقلع مکانها، قال ابن وهب وبلغنی عن ابن شهاب انها السنة، قال ابن وهب وقال ابن مسعود رضی الله تعالی عنه لان یجلس علی الرضف خیر له من ذلک، قال وبلغنی عن ابی بکر الصدیق رضی الله تعالی عنه انه کان اذا سلم لکانه علی الرضف حتی یقوم وان عمر بن الخطاب رضی الله تعالی عنه قال جلوسه بعد السلام بدعة (المدونة صـ۱۴۴ ج ۱)

④ آٹھویں صدی کے مشہور محقق امام ابو اسحاق ابراہیم بن موسی شاطبی رحمہ اللہ تعالی کی کتاب "الاعتصام" رد بدعات میں بہت عجیب ہے، اسلوب بیان و تفہیم ایسی دلنشین

دل میں اترتی چلی جاتی ہے۔

بدعت کے بارے میں ایک تفصیل عرصہ سے میرے ذہن میں تھی جو کسی کتاب میں نظر سے نہیں گزری تھی، مگر یہ حقیقت ایسی واضح ہے کہ اس کے لئے کسی تائید کی حاجت نہیں، اس لئے کتب میں تلاش کرنے کی طرف توجہ نہ دی۔

اچانک "الاعتصام" میں وہی تفصیل دیکھ بہت مسرت ہوئی، والحمد للہ۔

امام شاطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "الاعتصام" میں دعاء بطریق مروّج کے بارے میں بھی اپنے مخصوص انداز میں سیر حاصل بحث فرمائی ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرات خلفاء، و دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ارشادات اور انکے تعامل سے اس دعاء کا بدعت ہونا ثابت کیا ہے، اسکے چند اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں:

وقال مالك رحمه الله تعالى في المدونة: اذا سلم فليقم ولا يقعد الا ان يكون في سفر او في فنائه۔

وقد نقل ابن بطال عن علماء السلف انكار ذلك والتشديد فيه على من فعله بما فيه كفاية۔

هٰذا ما نقله الشيخ بعد ان جعل الدعاء باثر الصلوٰة بهيئة الاجتماع دائما بدعة قبيحة واستدل على عدم ذلك بما في الزمان الاول بسرعة القيام والانصراف لانه مناف للدعاء لهم وتأمينهم على دعائه بخلاف الذكر ودعاء الانسان لنفسه فان الانصراف وذهاب الانسان لحاجته غير مناف لهما۔

ما زال الانكار عليهم من الائمة فقد نقل الطرطوشي عن مالك رحمه الله تعالى في ذلك اشياء تخدم المسألة فحصل انكار مالك رحمه الله تعالى لها في زمانه وانكار الامام الطرطوشي رحمه الله تعالى في زمانه، واتبع هذا اصحابه وهذا اصحابه ثم القرافي قد عد ذلك من البدع المكروهة على مذهب مالك رحمه الله تعالى وسلمه ولم ينكره عليه اهل زمانه فيما نعلمه مع زعمه ان من البدع ما هو حسن۔

ثم الشيوخ الذين كانوا بالاندلس حين دخلتها هٰذه البدعة حسبما يذكر بحول الله قد انكروها، وكان من معتقدهم في ذلك انه مذهب مالك رحمه الله تعالى، وكان الزاهد ابو عبد الله بن مجاهد وتلميذه ابو عمران الميرتلي رحمهما الله تعالى ملتزمين لتركها (الاعتصام ص ۳۵۳، ۳۵۴ ج ۱)

ان حضرات کے ہاں احادیث الانصراف الی المأمومین اس پر محمول ہیں کہ مأمومین سے خطاب مقصود ہو کما یظهر من تلك الاحادیث۔

اور عند الاحناف رحمہم اللہ تعالیٰ فجر و عصر کے ساتھ مختص ہیں، ان دونوں نمازوں کے بعد سنتیں نہ ہونے کی وجہ سے نماز سے فارغ ہونے کے بعد امام کا اپنی جگہ جلوس جائز ہے بشرطیکہ قراءة اوراد و ادعیہ میں امام اور مقتدیوں کے درمیان کوئی رابطہ نہ رہے۔

حاصل کلام:

زبدة الکلمات مع ضمیمہ میں مندرجہ تحقیقات کا حاصل یہ ہے:

① نماز کے بعد اجتماعی دعاء کا مروجہ طریقہ بالاجماع بدعت قبیحہ شنیعہ ہے۔

② دعاء بعد الفرائض میں رفع یدین نہیں، الا ان یدعو احیانا لحاجة خاصة۔

③ امام مالک و امام طرطوشی اور ان دونوں کے اصحاب رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں ہر نماز کے بعد فارغ ہوتے ہی فوراً امام کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا لازم ہے۔

④ عند الاحناف رحمہم اللہ تعالیٰ بھی امام کا فجر و عصر کے سوا نماز کے بعد تین بار استغفار اور دعاء اللّٰهم انت السلام الخ سے زیادہ دیر بیٹھنا مکروہ ہے، اس دعاء میں نہ رفع یدین ہے نہ اجتماعیت، امام و مقتدی ہر شخص بلا رفع یدین سرًا انفرادًا یہ مختصر سی دعاء مانگ کر سنتوں میں مشغول ہو جائے۔

فجر و عصر کے بعد بیٹھنا اس شرط سے جائز ہے کہ اوراد و ادعیہ میں امام اور مقتدیوں کے درمیان کوئی رابطہ نہ رہے، نماز کے بعد کی دعاء میں اجتماعیت بدعت ہے، امام ہو یا مقتدی ہر شخص اپنے طور پر انفرادًا سرًا بلا رفع یدین دعاء مانگے، فرض کے بعد کی دعاء میں رفع یدین نہیں، البتہ کبھی کبھار کسی خاص ضرورت سے کوئی دعاء مانگنا چاہے تو رفع یدین کر سکتا ہے مگر دوسروں کے سامنے التزام نہ کرے تاکہ کسی کو فرض کے بعد کی دعاء میں رفع یدین کے مسنون ہونے کا شبہہ نہ ہو۔

⑤ نوافل کے بعد انفرادًا ہاتھ اٹھا کر طویل دعاء مسنون ہے۔

(٦) دعاء کے لئے اجتماع بدعت ہے، البتہ کسی دوسرے مقصد کے لئے اجتماع ہو تو اس میں اجتماعی دعاء جائز ہے۔ واللہ الهادی الی سبیل الرشاد وهو العاصم من المحدثات فی الدین والبدع والضلال۔

۹ ربیع الاول سنہ ۱۴۰۹ھ

کلمۃ الجامع

حضرت اقدس فقیہ العصر دامت برکاتہم کا معمول ہے کہ افتاء میں عصر حاضر و ماضی قریب کے اکابر علماء کے اقوال سے استدلال نہیں فرماتے، کلیہ "الاقدم فالاقدم" کے تحت قدیم ترین مشہور و مسلم ائمہ فقہ رحمہم اللہ تعالیٰ کی تحقیقات سے استناد فرماتے ہیں۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ فرائض کے بعد اجتماعی دعاء کے بارے میں حضرت اقدس دامت برکاتہم کی تحقیق اکابر کے خلاف ہے۔

ان کا یہ خیال سراسر باطل اور حقیقت سے ناواقفیت پر مبنی ہے، ایسے توہمات کے ازالہ کی غرض سے مسئلہ زیر بحث سے متعلق حضرت فقیہ العصر کے رسالہ "زبدۃ الکلمات" کے آخر میں آپ کی موافقت میں عصر حاضر و ماضی قریب کے اکابر علماء کی تحریرات پیش کی جاتی ہیں، واللہ الهادی الی سبیل الرشاد (جامع)

(١) قال الشیخ عبد الحق المحدث الدهلوی رحمه الله تعالی:

اما این دعاء کہ ائمہ مساجد بعد از سلام می کنند و مقتدیان آمین آمین می گویند چنانچہ الآن در دیار عرب و عجم متعارف است از عادۃ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نبود و درین باب هیچ حدیث ثابت نشده (شرح سفر السعادة ص۹)

(٢) وقال العلامة عبد الحی اللکنوی رحمه الله تعالی:

یہ طریقہ جو فی زماننا مروج ہے کہ امام بعد سلام کے ساتھ رفع یدین کے دعاء مانگتا ہے اور مقتدی آمین کہتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نہ تھا (مجموعۃ الفتاوی ص۱۶۱ ج۱)

(٣) وقال ایضا:

لکن لم أر فی روایة انه صلی الله علیه وسلم هل کان یرفع یدیه ویمسحهما فی الدعاء الذی کان یدعو بعد الصلوة ایضا ام لا؟ (وبعد اسطر) وهذا صریح فی ان رفع الایدی لم یکن فی الدعاء الذی بعد الصلوة الا انه لما ندب الیه فی مطلق الدعاء استحبه العلماء فی خصوص هذا الدعاء ایضا (السعایة ص۲۵۸ ج۲)

(٤) وقال العلامة انور شاه الکشمیری رحمه الله تعالی:

نعم نحکم بکونها بدعة اذا افضی الامر الی النکیر علی من ترکها۔

(فیض الباری ص۴۱۷ ج۱)

(٥) وقال ایضا:

واعلم ان الادعیة بهذه الهیئة الکذائیة لم یثبت عن النبی صلی الله علیه وسلم ولم یثبت عنه رفع الایدی دبر الصلوات فی الدعوات۔

(فیض الباری ص۱۶۷ ج۲)

(٦) وقال ایضا:

ثم اعلم ان السنة الاکثریة بعد الصلوة الانصراف الی البیوت بدون مکث الا بقدر خروج النساء وکان فی الاذکار کل امیر نفسه ولم تثبت شاکلة الجماعة فیها کما هو معروف الآن (فیض الباری ص۳۷ ج۲)

(٧) وقال ایضا:

ولیعلم ان الهیئة الاجتماعیة برفع الایدی المتعارفة فی العصر بعد المکتوبة نادرة فی زمانه علیه السلام وثبت بعد النافلة من الاستسقاء وواقعة فی بیت ام سلیم (العرف الشذی ص۹۵)

(٨) وقال ایضا:

واستدل بعض بحدیث الباب علی الدعاء بعد المکتوبة بالهیئة المتعارفة لاهل العصر والحال انه لا یدل علیه فانه لیس فیه ذکر انهم دعوا مجتمعین (العرف الشذی ص۱۲۸)

(٩) وقال ایضا:

انما الامور المحدثة من عقد صورة الجماعة للدعاء کجماعة القارئة والانکار

على تاركها ونصب امام ثم اهتمام به فيه وغير ذلك من قلة العلم وكثرة الجهل والجاهل اما مفرط او مفرط (نفائس مرغوبه ص۳۵)

(۱۰) وقال العلامة محمد اعزاز على المفتى الاعظم بدار العلوم ديوبند :

فعلم ان المحققين من علماء زماننا ما انكروا انكارا شديدا على هذا الاستقبال والدعاء الا لكونه من قبيل التزام ما لا يلزم ولكونه على سبيل التداعى وهذا من مجاوزة حدود الله تعالى (حاشية نور الايضاح ص۸۹)

(۱۱) وقال المفتى الاعظم محمد شفيع رحمه الله تعالى :

اور سنت یہی تھی کہ فرض نماز کے بعد کوئی اجتماعی ہیئت نہ بنائی جائے بلکہ ہر شخص آزادانہ طور پر سنتیں، نفلیں، دعائیں، درود جس کام میں چاہے لگ جائے اس کے خلاف ایک مستقل شریعت اجتماعی ہیئت کی ایجاد کر ڈالی (احکام دعا ص۱۵)

(۱۲) وقال الشيخ البنورى رحمه الله تعالى :

وقع ذلك احيانا عند حاجات خاصة لم تكن سنة مستمرة له صلى الله عليه وسلم ولا للصحابة رضى الله عنهم (معارف السنن ص۱۲۳ ج۳)

(۱۳) وقال ايضا :

قد راج فى كثير من البلاد الدعاء بالهيئة الاجتماعية رافعين ايديهم بعد الصلوة المكتوبة ولم يثبت ذلك فى عهده صلى الله عليه وسلم وبالاخص بالمواظبة نعم تثبت ادعية كثيرة بالتواتر بعد المكتوبة ولكن بغير رفع الايدى ومن غير هيئة اجتماعية (معارف السنن ص۳۰۹ ج۳)

(۱۴) وقال ايضا :

ويقول بعض اهل العصر من الحنفية لما ثبت الدعاء بتلك الهيئة فى موضع فليعد الى دبر المكتوبات ايضا ويستدل لذلك بالعموم قال شيخنا: اعلم ان الاحتجاج بالعموم انما ينبغى فيما لم يرد للخاص حكم على حدة، ونفس ثبوت الرفع فى الدعاء امر آخر ان الادعية عنه صلى الله عليه وسلم فى اثر المكتوبات لم يثبت فيها الرفع (معارف السنن ص۳۱۰ ج۳)

(۱۵) وقال المفتى الاعظم ببنگلہ دیش فیض الله رحمه الله تعالى :

نعم : قراءة بعض الفاظ الاذكار وبعض الفاظ الادعية بعد المكتوبات ثابتة مسنونة يقينا لكن على طور الانفراد بغير رفع الايدى لا على طور الهيئة الاجتماعية رافعين الايدى (احكام الدعوات المروجة ص۱۱)

(۱۶) وقال ايضا :

باید دانست کہ راویان کرام ہمہ اقوال وافعال واحوال آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم را بغایت اہتمام وبنہایت اعتنا روایت کردہ اند حتی کہ آنچناں عبادات واذکار خفیہ را ہم بیان نمودہ کہ در شب تاریک در اندرون خانہ منفرداً از وے صلی اللہ علیہ وسلم بعمل آمدہ بلکہ بعضے آں چناں حرکات نادرہ را ہم روایت نمودہ اند کہ آنہا نہ عبادت اند نہ طاعت، محض بطور اتفاق بحیثیت عادت از وے سرزدہ شدہ مثلاً بسوئے آسمان نگریستہ خندیدن و در حالت تفکر بسر عصا زمین را کندیدن وامثال آنہا کما یخفی علی من لہ ممارسۃ بکتب الاحادیث، پس چگونہ نتواند بود کہ عبادتے علانیہ بر سر ماعت از وے بعمل آید وہیچ راوئے آں را روایت نکند۔ این امر فقط بعید نیست بلکہ قبیل محال است۔ بہتر بداند کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم در نماز پنج بار در جماعت امامت بودہ اند اگر درین مدت طویلہ بعد نماز یکبار ہم باہمہ مقتدیان دست برداشتہ مناجات کردہ اشد بدین ہیئت کذائیہ کہ دریں زمان مروج است ضرور راویان کرام آں را بنہایت اہتمام وایت کردندے وبرائے اثبات آں بقیاس ہرگز احتیاج نداشتندے لیکن در ہیچ حدیث صحیح یا ضعیف بلکہ در حدیث موضوع ہم بدین ہیئت کذائیہ اجتماعیہ مروجہ مناجات کردن از وے صلی اللہ علیہ وسلم نیامدہ بلکہ از صحابی وتابعین وائمہ مجتہدین ہم ایں چنیں مناجات صلاً ثابت نشدہ۔ باوجود دواعی نقل نقل نہ نمودن یقیناً دلیل عدم مشروعیت است۔ (احکام الدعوات المروجہ ص۲۶)

(۱۷) وقال العلامة ابو القاسم رحمه الله تعالى :

الغرض فرض نماز کے سلام کے بعد امام اور اس کے مقتدیوں کا مل کر دعا مانگنا دعت سیئہ ہے (عماد الدین ص۳۹۷ مطبوعہ لاہور)

(۱۸) وقال العلامة منظور احمد النعمانى مد ظله :

سلام کے بعد ذکر و دعا کے بارے میں جو حدیثیں اوپر مذکور ہوئیں ان سے یہ تو

معلوم ہو چکا کہ نماز کے خاتمہ پر یعنی سلام کے بعد ذکر و دعاء رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے عملاً بھی ثابت ہے اور تعلیماً بھی اور اس سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہے، لیکن یہ جو رواج ہے کہ سلام پھیرنے کے بعد دعاء میں بھی مقتدی نماز ہی کی طرح امام کے پابند رہتے ہیں حتی کہ اگر کسی کو جلد جانے کی ضرورت ہو تب بھی امام سے پہلے اس کا اٹھ جانا بُرا سمجھا جاتا ہے، یہ بالکل بے اصل ہے بلکہ قابل اصلاح ہے، امامت و اقتدار کا رابطہ سلام پھیرنے پر ختم ہو جاتا ہے۔

(الفرقان لکھنؤ جلد ۳۰ ربیع الآخر ۱۳۸۲ھ شمارہ ۴ ص

⑲ وقال ایضاً:

یہ جو رواج ہے کہ سلام پھیرنے کے بعد دعاء میں بھی مقتدی نماز ہی کی طرح امام کے پابند رہتے ہیں، حتی کہ اگر کسی کو جلدی جانے کی ضرورت ہو تب بھی امام سے پہلے اس کا اٹھ جانا بُرا سمجھا جاتا ہے، یہ بالکل بے اصل ہے بلکہ قابل اصلاح ہے، امامت اور اقتدار کا رابطہ سلام پھیرنے پر ختم ہو جاتا ہے، اس لئے سلام کے بعد دعاء میں امام کی اقتداء اور پابندی ضروری نہیں، چاہے تو مختصر دعاء کر کے امام سے پہلے اٹھ جائے اور چاہے تو اپنے ذوق کے مطابق دیر تک دعا کرتا رہے (معارف الحدیث ص ۲۱۸ ج ۳)

فہرست مواعظ ورسائل

فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت اقدس مفتی رشید احمد صاحب دامت برکاتہم

ارشاد الرشید
رسائل الرشید
جواہر الرشید
باب العبر
اللہ کے باغی مسلمان
ہر پریشانی کا علاج
شرعی پردہ
ایمان کی کسوٹی
زندگی کا گوشوارہ
صراط مستقیم
مراقبۂ موت
جامعۃ الرشید
قربانی کی حقیقت
گلستان دل
محبت الہیہ
دینداری کے تقاضے
نمازوں کے بعد دعاء
حقیقت شیعہ

جشن آزادی
ٹی وی کا زہر
منکرات محرم
جہاد
سات مسائل
رمضان و محبت
مسجد کی عظمت
ایٹمی دھماکہ
وصیت نامے
مسمہ خوابیدہ
ترک گناہ
حفاظت نظر
استشارہ واستخارہ
استقامت
غیبت پر عذاب
مسلح پہرہ اور توکل
مصافحہ ومعانقہ
فتنہ انکار حدیث

شرعی سیاست
پردۂ شرعی
طریقۂ مسح و تیمم
سیاسی فتنے
شادی مبارک
سیاست اسلامیہ
حقوق القرآن
ربیع الاول میں جوش محبت
وقت کی قیمت
اطاعت امیر
مدارس کی ترقی کا راز
چندہ کے مروجہ طریقے
گانے بجانے کی حرمت
آپ بیتی
ذکری فرقہ
عیسائیت پسند مسلمان
مدنی دعوت و تبلیغ کا نقشہ
بھیڑ کی صورت میں بھیڑیا

نور رشید (حالات وارشادات)
تبلیغ کی شرعی حیثیت اور حدود
تبلیغی جماعت اور پچاس کروڑ کا ثواب
زحمت کو رحمت میں بدلنے کا نسخہ اکسیر
مسلح جہاد کے بغیر تکمیل تبلیغ ممکن نہیں
علم کے مطابق عمل کیوں نہیں ہوتا؟
بدعات مروجہ اور رسوم باطلہ
سود خور سے اللہ اور رسول ﷺ کا اعلان جنگ
مودودی صاحب اور تخریب اسلام
مرض و موت، احکام شرعیہ اور رسوم باطلہ
تعلیم و تبلیغ اور جہاد کیلئے کثرت ذکر کی ضرورت
ایمان قتال فی سبیل اللہ اور تبلیغ لازم وملزوم
شریعت کے مطابق تقسیم وراثت کی اہمیت
قرآن کے خلاف کمپیوٹری سازش
لشکر محمدی طالبان کے لئے مبشرات
القول الصواب فی تحقیق مسئلہ الحجاب
بعض ضروری مسائل حج
فیصلہ ہفت مسئلہ کی وضاحت

کتابوں اور کیسٹوں کی مکمل فہرست کتاب گھر سے حاصل کریں

منی آرڈر یا ڈرافٹ کے ذریعہ کتب منگوانے کا پتا

کتاب گھر السادات سینٹر بالمقابل دار الافتاء والارشاد۔ ناظم آباد۔ کراچی
فون نمبر 6683301، فیکس نمبر 021-6623814
اکاؤنٹ نمبر 1829-89، حبیب بینک لمیٹڈ البدر اسکوائر برانچ کراچی